بحریہ کے کمانڈر انچیف اور بحریہ کے کمانڈروں کے ایک گروہ سے ملاقات - 24 /Dec/ 2023

ایرانی مسلح افواج کے کمانڈر انچیف امام خامنہ ای نے 28 نومبر 2023 کو اسلامی جمہوریہ ایران کی بحریہ کے کمانڈر انچیف اور بحریہ کے کمانڈروں کے ایک گروپ سے ملاقات کیـ
اس ملاقات کے دوران رہبر معظم انقلاب اسلامی نے ایرانی بحریہ کی متعدد صلاحیتوں بالخصوص سمندر سے متعلق اقتصادی پالیسیوں کے نفاذ میں معاونت کرنے کی صلاحیت کے بارے میں بات کیـ انہوں نے ملک کی حاکمیت کو تقویت اور ایرانی معاشرے میں سکون اور امید قائم کرنے کے لیے نئی صلاحیتوں کو دریافت کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیاـ

یہ ملاقات 7 آذر (28 نومبر) کے موقع پر منعقد ہوئی جو ایرانی کیلنڈر میں بحریہ کے قومی دن کے طور پر منایا جاتا ہےـ رہبر معظم انقلاب اسلامی نے 7 آذر کو "ناقابل فراموش تاریخی دن" قرار دیتے ہوئے مزید فرمایا کہ "اس دن کو بحریہ کی قربانیوں کے دن کے طور پر متعارف کرایا جانا چاہیےـ"

امام خامنہ ای نے انقلاب کے آغاز سے لے کر اب تک ایرانی بحریہ کی اس پیش رفت کی تعریف کی اور اس کامیابی کو "متاثر کن اور ناقابل یقین" قرار دیاـ

امام خامنہ ای نے فرمایا کہ انقلاب کے بعد ابتدائی چند سالوں میں بحریہ کی علاقائی سمندروں سے باہر موجودگی ناقابل تصور تھیـ لیکن اب بحریہ طاقت اور اقتدار کے ساتھ دنیا بھر میں 360 ڈگری کا سفر کرتی ہے اور فخر سے ملک واپس آتی ہےـ

انہوں نے مزید کہا کہ "ایک دن ایسا تھا جب یہ تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا کہ بحریہ بحیرہ کیسپیئن میں بھی جاسکے گی، لیکن اب بحیرہ کیسپین کے ساحلوں پر جنگی جہاز بنائے جا رہے ہیں اور انہیں وہاں بھیجا بھی جا رہا ہےـ"

امام خامنہ ای نے اس بات پر زور دیا کہ بحریہ کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی جنگی صلاحیتوں اور آمادگی میں بہتری لانی چاہیےـ

انہوں نے کہا کہ بحریہ کی صلاحیتوں میں سے ایک جو نوجوانوں میں امید اور خوشی پیدا کر سکتی ہے، انہیں راہیانِ پیشرفت ٹورز کے ذریعے اس فورس کی فیکٹریوں اور صلاحیتوں کا دورہ کروانے کا زمینہ تیار کرنا ہےـ

ملاقات کے دوران ایرانی بحریہ کے کمانڈر ریئر ایڈمرل شہرام ایرانی نے ایرانی بحریہ کی صلاحیتوں اور سرگرمیوں کے بارے میں رپورٹ پیش کیـ انہوں نے قائد انقلاب کی جانب سے سمندر پر مبنی ترقیاتی پالیسیوں کے اعلان پر اظہار تشکر کیا اور ان پالیسیوں پر عمل درآمد میں تعاون کے لیے بحریہ کی آمادگی پر زور دیاـ

ایرانی بحریہ کے کمانڈر نے واضح کیا کہ سمندر میں ایران کے اثر و رسوخ کو بڑھانا اور ٹیکنالوجی اور علم پر انحصار اس فورس کی دو اہم پالیسیاں ہیں تاکہ نظام کی طاقت کے عوامل کو تقویت ملےـ